© rasailojaraid.com

طنزومزاح

ساغراقبالی

# زبان میری ہے بات انکی

★ ٹیلیفون بل میں اکسائزڈیوٹی 64 فیصد کردی گئی (پی پی اے)
یعنی اصل بل 1000 روپے، اکسائزڈیوٹی 640 کل 1640 روپے

★ قوم اپنا احتساب کرے! (بے نظیر)
"اور ہمیں لوٹ مار کے لئے کھلا چھوڑدے!"

★ جوان بیٹے نے بوڑھی ماں کو لینٹ مار کرہلاک کردیا (ایک خبر)

ماں باپ کا جسے نہ بڑھاپے میں ہو خیال
اس ناسعید بیٹے کی قسمت الٹ گئی

★ قتل وغارت اورڈاکے روز کا معمول ہیں (نصراللہ خان)
ملک میں کوئی بحران نہیں (بے نظیر)

★ لاہور ہائیکورٹ کے بیس جج اہم شخصیات کے رشتے دار ہیں (ایک خبر)
پاکستان بنا ہی اہم شخصیات کے لئے ہے۔

★ ضیاء کے بوٹ پالش کرنے والے سیاست دان ہیں (بے نظیر)
اور بھٹو کے منہ سے شراب کے بھبکے میں لپٹی ہوئی گالیاں کھانے والے........؟

★ جہانگیر بدر کو مذہبی امور کا وزیر بنا دیا گیا (ایک خبر)
یہ تو ایسے ہی ہے جیسے تارا مسیح کو کسی مسجد کا امام لگا دیا جائے۔

★ لاہور، رشتہ نہ ملنے پر سرگودھا کے تھانیدار نے لڑکی اٹھالی، کئی ماہ زیادتی (ایک خبر)
اے اللہ! تو بہت حوصلے والا ہے۔

★ وزیراعظم کی باتوں کا جواب انہی سے پوچھا کریں (نوابزادہ نصراللہ)
اور ہمیں اپنی نوکری کرنے دیں۔

★ جہاداور ہسپتال کے نام پر کسی کو بینکوں سے پیسے نہیں لینے دیں گے (بے نظیر)
کہ ابھی "راک وڈ" کی قسطیں باقی ہیں۔

★ تاجر جتنے دن چاہیں ہڑتال کریں۔ نقصان انہی کا ہوتا ہے (وزیراعلیٰ)
بے حسی اور بے شرمی کی حد ہو گئی۔

★ وزارت مذہبی امور سے کالی بھیڑوں کو نکال دیا جائے گا۔ (جہانگیر بدر)


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ابتداء اپنے آپ سے کیجئے!

★ یوم آزادی پر نامعلوم شخص نے سینکڑوں افراد کے سامنے مینار پاکستان سے کود کر زندگی ختم کرلی (ایک خبر)

ترقی پسند اور روشن خیال پاکستان میں آزادی کے خوابوں کی تعبیر!

★ ہیڈراجکاں۔ درندہ صفت باپ نے سگی بیٹی کی عزت تار تار کردی (ایک خبر)

رسول پاک ﷺ نے حقیقی باپ کو بھی جوان بیٹی کے ساتھ تنہا بیٹھنے سے یوں ہی منع نہیں فرمایا۔

★ شہید بھٹو کا عوام دوست پروگرام۔ بیٹی نے مکمل کردیا (ایک اشتہار)

کھنداں سی آباد کراں گا پر پھلاں برباد کراں گا

★ اہم شخصیت کا بیٹا "ٹن" ہو کر بھور بن آیا۔ نازیبا حرکات۔ پارکنگ میں سرعام پیشاب کرنے لگا۔ (ایک خبر)

دو پاؤں کا جانور بلکہ جانور سے بھی بدتر!

★ وزیراعلیٰ نے میرا کام نہیں کیا۔ (اصغر گورداسپوری کی شکایت)

مکھن لگایا کریں (بے نظیر کا جواب)

★ مالکان اخبارات قیمت میں 5 فیصد اضافہ کر کے سیلز ٹیکس واپس حاصل کریں گے۔ (خالد کھرل)

اور انہی اپنی رنگ رلیوں کے لئے ٹیکس چاہیئے۔

★ بیشتر مسائل حل کردیئے ہیں۔ باقی جلد کردیں گے (بے نظیر)

"سرے" اور "فرانس" کے محلوں کی بات کر رہی ہیں۔

★ چٹھہ وزیراعظم کی گاڑی کے ڈرائیور بن گئے (ایک خبر)

مطلب کے لئے گدھے کو بھی باپ کہنا پڑتا ہے۔

★ تین ہزار سے زیادہ ٹیکس دیتی ہوں۔ (بے نظیر)

کتنی عیار ہے سو بھیس بنالیتی ہے!

★ صوبائی مشیر کا بھائی مقابلے کے بعد گرفتار۔ کروڑوں روپے کی ہیروئن برآمد (ایک خبر)

سیاسی کرپشن ختم ہوگئی۔ (بے نظیر)

★ مولویوں کی کوئی ضرورت نہیں۔ ماں باپ ہمیں کلمہ سکھا دیتے ہیں (بے نظیر)

کتنے شیریں ہیں تیرے لب کہ رقیب

گالیاں کھا کر بھی بے مزہ نہ ہوا

★ دنیا میں دو قومیں سب سے زیادہ ناشکری ہیں۔ یہودی اور پاکستانی (نواب زادہ نصراللہ خان)

آپ کس قوم سے ہیں؟ ایک، دو، تین جلدی جواب دیں۔



© rasailojaraid.com